# Home-Economics - 9th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 8 Preparation

Q1. استاد بطور نگران بچوں پر قریبی رابطہ اور غیر جانبداری کے کیا فرائض سر انجام دیتا ہے؟

**Ans 1:** قریبی استاد: استاد کا بچوں سے قریبی رابطہ ہونا چاہیئے تاکہ وہ ان کے مسائل اور تعلیمی ترقی سے آگاہ رہے.اپنا رویہ دوستانہ رکھےاور بچوں کو اس طرح کے مشاغل اور غیر نصابی امور میں مصروف رکھے جس سے دوستوں اور اساتذہ سے درمیان خوشگور تعلق قائم ہو. غیر جانبداری: بچوں میں سے چند بچے اپنی مخصوص عادات اور رویے کی بنا پر دوسرے بچوں سے سبقت لے جاتے ہیں.استاد کو کسی بھی بچے سے تعصب اور جانبداری نہیں رکھنی چاہیئے.

---

Q2. بولٹن کے مطابق استحصال بالجبر کیا ہے؟

**Ans 1:** بولٹن کی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ دباؤ کا نشانہ بننے والے بچے روتے، منہ بسورتے، چفاعی طرظ میں جسمانی پوزیشن بناتے اور جوابی حملے سے کتراتے ہیں. یہ ستم رسیدہ بچے خاموشی سے ظلم و جبرسہ جاتے ہیں اور کسی بھی قسم کی مزاحمت نہیں کرتے. کھیل کے میدان میں گھومتے اور گپ شپ لگاتے ہوئے بلا جوازپکڑے جاتے ہیں.

---

Q3. غفلت شعاروالدین کے بچوں کی شخصیت پر کیا اثرات ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** ایسے والدین جزباتی طور پر افسردہ، پریشان اور علیحدگی پسند ہوتے ہیں وہ بچوں پر اپنا وقت اور توانائی صرف کرنا پسند نہیں کرتے، بچوں کی سرگرمیوں اور تعلیمی کارکردگی سے انہیں کوئی سروکار نہیں ہوتا اور وہ بچوں کے اکثر موملات سے لاتعلق رہتے ہیں. والدین کی محبت و سفقت سے محرم یہ بچے اپنی آئند زندگی میں دوسروں سے تعلقات میں سردمہر اور بےحس ہوتے ہیں اور جوان ہونے پر ان کی خاندان اور والدین سے رغبت بھی کم ہوتی ہے.

---

Q4. بہن بھائیوں سے تعلقات کی اہمیت مختصر بیان کریں.

**Ans 1:** جس طرح والدین اور بچوں کے تعلقات اہم ہیں اسی طرح گھر میں رہنے والے دوسرے چھوٹے یا بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بھ بچے کے تعلقات اہمیت رکھتے ہیں. ان تعلقات کی نوعیت اچھی ہو یا بری اس کے اثرات بچے کی زندگی پر دوررس اور گہرے ہوتے ہیں. یہ بیک وقت خوشی، غصہ، حسد، مایوسی، مقابلہ اور دوستی وغیرہ کے جذبات ہوتے ہیں. بچوں کے بہن بھائی ان کے ہمدم ہوتے ہیں. اوائل زندگی کے ماہ وسال وہ ان کی محبت میں گزارتے ہیں. بہن بھائیوں کے درمیان ایک انوکھا رشتہ اور قریبی بندھن ہوتا ہے.

---

Q5. فرویڈ کے مطابق بچوں پر اباحتی والدین کے کیا اثرات ہیں؟

**Ans 1:** ایسے بچوں کے والدین ان کی پرورش حد سے زیادہ پیار، توجہ، تحفظ اور محتاط طریقے سے کرتے ہیں جس بچوں میں خود اعتمادی، قوت فیصلہ کی کمی اور غیر یقینی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے اور ان میں خود انحصاری کی بجائے دوسروں پر انحصار کی عادات پیدا ہوجاتی ہے اور نوبلوغت کے دور میں پہنچنے کے باوجود معمولی کام کے لیے بھی وہ دووسروں اور خاص طور پر اپنے والدین پر انحصار کرنے پر مجبور ہوتے ہیں، تعلیمی میدان میں بھی کمزور ہوتے ہیں اور کسی بھی کام کو کرنے کی جرات نہیں کرتے.

---

Q6. بچوں کی نشوونما پر والدین اور بچوں کے تعلقات کے اثرات کون کون سے ہیں؟

**Ans 1:** (1) زیادہ افراد پر مشتمل خاندان (2) ترتیب ولادت (3) بچوں کے شکل و شبہات اور وضع قطع (4) جنس کا اثر (5) والدین کی سماجی حیثیت (6) ماؤں کا تعلیم یافتہ ہونا

---

Q7. ہم عمروں سے تعلقات کی کیا اہمیت ہے؟

**Ans 1:** بچے کی معاشرتی ضراریات میں ہم عمر بچوں سے تعلقات کی نہایت اہمیت ہے. معاشرتی مطابقت پیدا کرنے کے لیے ہم عمروں کے متوقع تقاضے، اصول اور قواعد، مرقجہ طریقے اور دستورالعمل کا سمجھنا بہت ضروری ہے. بچے دوسرے بچوں کی صحبت اور کھیل کے درمیان بہت سی باتیں سیکھتے ہیں. ان کی دلچسپیاں، کھیل اور تعلیمی مصروفیات یکساں ہوتی ہیں. اس لیے ہم عمر بچے ایک دوسرے کی زندگی میں بہت اہم اور منفرد کردار ادا کرتے ہیں.

---

Q8. ہم عمروں سے دباؤ کے تین اثرات لکھیں.

**Ans 1:** 1.یہ دباؤ بچوں کو انفرادی تجربات سے آشناکرواتے ہیں اور ان کی شخصیت میں معاشرتی پختگی پیدا کرتے ہیں. 2.بچوں سے کھیل کود،میل جول اور مشترکہ مشاغل میں شرکت سے بچے میں ہمدردی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں اور دوسرں کی مدد اور ام سے تعاون کرنا سیکھتے ہیں. 3.وہ دوستوں کی تقلید اور اور نقالی سے سے بہت سی اچھی عادات وحرکات سیکھتا ہے.

---

Q9. استحصال بالجبر کی تعریف کریں.

**Ans 1:** استحصال بالجبر سے مراد بچوں سے جبروتشدد ہے گویا بچے کے ساتھ ایسا رویہ اختیار کرنا جس میں ذہنی و جسمانی اذیت ہو. استحصال کا نشانہ بننے والے بچوں میں کچھ ایسی خامیاں ہوتی ہیں کہ وہ جلد ہی نگاہ میں آجاتے ہیں.

---

Q10. فلوجیل کے مطابق تحمکانہ والدین کے بچوں کی شخصیت پر اثرات ہوتے ہیں؟

**Ans 1:** "فلوجیل کے مطابق، سخت گیروالدین کو بدمزاج، باغی، سرکش، جھگڑ اور جارحانہ مزاج والا بنادیتے ہیں."

---